کی طبیعت نوعیہ میں مغایرت ہے جو پہلے مانے ہوئے کے خلاف ہے اسیوجہ
سے کہنے والا اجتماع نقیضین پر دیوانہ سمجھا جائیگا خصوصاً لم یجعل لاحد الخ
کے امثال کے ساتھ جبکہ اہل عصمت نے یہ کلیہ بھی بیان کر دیا ہے کل ما
کان لرسول اللہ فلنا الخ جس سے محققین پر یہاں تک روشن ہو گیا ہے کہ

ان حضراتؑ کی مساواتِ نفسانیہ کے منازل کے علاوہ جاہیہ منازل میں بھی سوائے
نبوّت شانِ جاہی شخصی کے اور اُسکے مزایائے منصوصہ مخصوصہ کے جو نبوت ہی ہیں
بدلیل اشال یدیا علی انت شریکی فیما عدا النبوۃ ،، منطوی قرار پاتے ہیں
مماثلت و معادلت ہے اسی نظر دقیق پر جناب شیخ علی بحرانی کے لفظ جمیع منازلہ کی
قدر قول ذیل میں ہو سکتی ہے "انہٗ یعادلہٗ فی جمیع منازلہٗ الا فی تلقی الوحی
الیہ بلا واسطۃ البشر ،، اور حدیث بُت شکنی میں ھو غیر مطیق
لحمل اثقال النبوۃ فرمانا لحاظِ صامتیّتِ شرعیّہ خارجیّہ ہے جو ذیل کے بشری
تعلق خاص سے برطرف ہو جاتی ہے "روح القدس وبہا حمل النبوۃ فاذا
قبض النبیؐ انتقل روح القدس الی الامامؑ الخ = فقال یا نبیّ عند العمود
ینکشف لک الحال یرید بعد قتلہ لان العمود ینتقل (یہ لفظ بظاہر
لباس بشریّتِ عنصریّہ کے لئے ہے) الیہ بعدہ الخ ای عند خروج روح
الامام السابق یتساوی علمہ الامام اللاحق والسابق (مثل مجمع النورین)
کما روی عنہمؑ الخ = بماذا علمت ذلک قال (علی نقی) دخلنی من
اجلال اللہ شئ علمت معہ ان ابی قد مضی ،، اسی کی شہیدیّت وریاستِ
الٰہیّہ داخلیّہ کے لئے سرکار مرزا علامہ وحید نے حسب ذیل فرمایا ہے "ومن
المعلوم ان من جملۃ ما ھو کمال فی حق المعصومین الاربعۃ عشر و
عدمہ نقص فیہم ھو القدرۃ التامّۃ والریاسۃ الکاملۃ العامّۃ
وھی الولایۃ المطلقۃ الخ فتلک الولایۃ والسلطنۃ التی خصّہ
اللہ سبحانہ بہا فہی بعینہا بلا زیادۃ ولا نقیصۃ موجودۃ فی
اوصیائہٖ الخ باتفاق الفرقۃ الناجیۃ الخ ،، چونکہ اس عینیّتِ
اجماعیّہ مذکورہ پر موٹی عقل والے ہنوز ایسے کے لئے ایمان لانا قریب بمحال تھا

جیساکہ ارتدادی شان پر ہبغور سے شروع نجم الاعتقاد میں ظاہر ہو چکا ہے علامہؒ
وحید نے اعتقاد مذکور اتفاقی کی حقانیّت وواقعیّت کیلئے حسب ذیل فرما کر
اجماع مذکور کی معقولیّت کا محل ظاہر کردیا ہے اسکے بعد بھی ہبغور فرقۂ ناجیہ کے اجماع
مذکور سے علیحدگی کا اعلان کرے تو اُس کی نفسانیت سے تعجب کی بات نہیں ہے"
اذ عرفت مختصراً" ان الخلق والعباد عبید رق للمعصومین الاربعة
عشر سلام اللہ علیہم فنشرع فی الجواب عن بعض الاشکالات الخ
امّا الاشکال الثالث وهو انّ الائمةؑ لو کانو مالکین للخلق بطریق
الاشاعة لزم ان لا یکونوا مستقلّین فی رقبة الخلق لهم ولو
استقلّوا الزم ان یکون للملک الواحد مالکون متعدّد دون
مستقلّون وهو غیر معقول ففیه اوّلاً انّ وراثة الخلق کما ذکرنا
مثل وراثة میراث الانبیاءؑ کلما قلت هناك قلنا هُنا وثانیاً انّ
المعصومین سلام اللہ علیهم وان کانوا متعددین فی الظاهر لکن
فی الواقع فی حکم شخص واحد اوّلنا محمد وآخرنا محمد واوسطنا
محمد وکلنا محمد الخ ولکنهمؑ تفضّلاً من علی الخلق عاملوا معهم
معاملة الاحرار الخ. ۷۰ صفحہ احقاق الحق" جو شخص قصد اوّل بالذات
میں حضرات چہاردہؑ معصومین علیہم السلام کو شخصِ واحد کے حکم میں باعتبار حقیقت
روحانیہ محمدیہ (روح الامر ونفس الامر) نہیں سمجھتا ہے تو وہ بطور واقعیّت اپنے
کو ان حضرات چہاردہؑ کا غلام ثابت نہیں کر سکتا ہے اور نہ بطور عقل اپنے کو
چہاردہؑ کا غلام خود سمجھ سکتا ہے بلکہ فاطمۃؑ بضعة منی کے امثال کو بے حقیقت
مخالفین کیطرح سمجھنے والا ہوگا۔ یہ بھی غلامی سرکشی کا ایک درجہ کفران ہے جس سے
چہاردہؑ کی محبتِ حقیقتہ کے ثمر وفائدہ سے محروم رہیگا۔ ہبغور اپنے جہل وعقل کی

معیتِ دہریہ کو نہیں توڑ سکتا ہے تو نورانیت والوں کی معیت دہریہ (واقعیہ) کا منکر کیا کر سکتا ہے۔ اہلبیتؑ پر ایک ظلم تھا جو گذر گیا بلکہ بے فطرت ہونا ظاہر ہو گیا خصوصاً جبکہ معیتِ مذکورہ اُس فضل وہبی بغیر طلب واکتساب میں بھی داخل قرار پاتی ہے جسکا ذکر حدیث میں امامؑ کیلئے حسب ذیل ہوا ہے " لا لہ مثل ولا نظیر مخصوص بالفضل کلہ من غیر طلب منہ ولا اکتساب ۱۸۷" اسی عرفان پر خیر الاعتقاد کے تینتیسؔ صفحہ میں مبدءِ خلقت کا فضل وکمال وہبی بغیر اکتساب امامؑ کے لئے الی مرتبۃ النبی امامیہ کے قول میں بزبان علم الہدی ظاہر کیا گیا ہے۔ مگر مغز خاص اُسکو کیا سمجھ سکتا ہے البتہ بغور سے ہر شخص کو یہ سوال کرنیکا حق ہے کہ بغور اپنے کسی استحقاقی فضل کیوجہ سے اپنی روح اور اپنے باپ کی روح کی معیتِ ایجادیہ ومیثاقیہ کا انکار کر کے کیا اپنے باپ پر اپنا تقدم روحانی ایجادی جو کہ ایک فضل ہے ثابت کر سکتا ہے کیا تقدم مذکور کی فرضی واقعیت پر بھی عدالت خدا میں یہ سوال نہیں ہو سکتا ہے کہ خداوندا اتحاد نوعی کی قابلیات کی مساوات کے ہوتے ہوئے بھی جب فضل شخصی کی وجہ سے تو نے شیخ بیٹے کو عالم ارواح میں تقدم وجودی دیا اوسی فضل کے سبب سے عالم شہود میں اُسکو باپ کرنا تھا تاکہ ایک افضل کی پدری تربیت تو حاصل ہو جاتی بہرصورت حق کے کہنے کی صورت یہ ہے کہ مشیت وارادہ میں جتنی انواع کی مصلحت بعلم ازلی ہوئی اُن میں سے ہر ایک نوع کے افراد اُس خاص نوع کے فضل وکمال وہبی بغیر طلب واکتساب بمفاد امثال یا مبتدءا بالنعم قبل استحقاقہا بحکم ازلی سے تجاوز نہیں کر سکتے ہیں البتہ اُن کا شخصی تفاضل اُس خاص نوع کے مشخصات ومعینات اختیاریہ کے اعتبار سے متصور ہے اسی شان سے محمدؐ وآل محمدؐ کا باہمی تفاضل شخصی اونکی مختاریت علی سبیل التساوی

ومحبوبیّت وممدوحیت علی سبیل الاختیار کے لئے کہلاراستہ ہے اس بیان کی تائید کے لئے بطور اجمال علامہ وحید کا قول ذیل کافی ہے وہ ان الحکماء وعلماء الملل بنوا علے انّ الموجودات المتعددۃ والمخلوقات المختلفۃ خلقوا کلھم من طینۃ واحدۃ والاختلاف الموجود فیھا بواسطۃ اختلاف مشخصاتھا ومعیّناتھا الخ وظواھر الاخبار والآیات ربّما تدل علے ھذا التفصیل کما رایتھا لکنہ فاسد فاحش لانّ کون ھذہ المراتب کلھا فی عرض واحد ومشارکتھا فی طینۃ واحدۃ یلزم منہ مفاسد کثیرۃ الخ منھا امکان وصول الانبیاءؑ وسائر الناس الی مقام المعصومین الاربعۃ عشرؑ ورتبتھم الخ لو امکن الوصول لما نھی فی الاخبار عن تمنی مرتبتھم علیھم السلام الخ ۲۰۶" کہا جاسکتا ہے کہ نبیؐ ووصیؑ کے تفاضل جاہی اتفاقی کے بعد علی نظیری وصغیرنا وکبیرنا سوار کے امثال کی حقانیت کے لئے خاص مسئلہ مساوات روحانیہ فطریہ ہی کفیل ہوسکتا ہے جبکا اصلیلہ تعلق نوری عالم کی اُس عبودیت سے ہے جبکا تقدم عالم مذکور کی نبوت ورسالت پر بمضمون الظاہر عنوان الباطن اوسی طرح ثابت ہے جسطرح اُس عالم محسوس کی عبودیت کا تقدم عالم مذکور کی نبوت ورسالت پر ظاہری امر ہے اور تقدم عبودیت کو بغور منابر الاسلام کے قول ذیل سے بھی سمجھ سکتا تھا وہ انّ العبودیۃ نسبۃ بین العبد ومولاہ الخ واما الرسالۃ وما شابھھا فھی نسبۃ عرضیۃ لاذاتیۃ ومن ذلک

لہ یعنے بلا استثنار اسی حالت کی مساوات ہے انوار نعمانیہ کے قول انما انت من عالم الملکوت میں اسکا اشارہ ہے ۱۲-

کانت الاولی ھی المتقدمۃ فی الوجودین فانہ عزّ وجل لم یرسلہ الی الامۃ الّا لعد اربعین سنۃ وھی مدّۃ سیرہٖ فی تحصیل کمال العبودیۃ الخ ۱۷۵،، الحاصل مبدٔ و معاد کا وہ مساواتی منظر برزخِ قیامت جہاں مساوات روحانیہ کے اتحاد کی شان یوم یقوم الروح والملائکۃ صفًّا نظر آئے تو مساوات کی دوئی بھی پوشیدہ نہ رہے روح وجسم کا ساتھ ہونا ہی وسیلہ ہے جسکے لئے درجتی کھ کر جسمانی درجۂ ختم نبوت کا شرف بھی ظاہر کیا اور اذ صرت فی اعلےٰ درجۃ سے درجۂ مورثیت واصالت کا انکشاف تام بھی کر دیا جسکے لئے خیر الاعتقاد کے اٹھارہ صفحہ پر کشف مالا کلام ہے تاکہ جزائی شان تکلیف کے موافق نظر آئے توحق کا کامل منظر کہلائے۔ صاحبانِ عقل محمد و آل محمد کی نورانیت اور ابوجہل شیخی پتلے کی ظلمانیت۔

چونکہ احادیث نور کا سمجھنا بہ غور مولف شمس الاعتقاد جیسے کا کام نہیں ہو لہذا ضرورتِ مقام کیلئے اتنا کہنا مناسب ہے کہ دیکھو بہ غور مذکور نے جابر کی حدیث ذیل دو اول ماخلق اللہ نوری ابتدعہ من نورہ واشتقہ من جلالہ وعظمتہ فاقبل یطوف بالقدرۃ حتی وصل الی جلال العظمۃ فی ثمانین الف سنۃ ثم سجد اللہ تعظیما ففتق منہ نور علی الخ،، کو اپنے خیال میں ائمہ کے صادر اول نہ ہونیکی قوی دلیل سمجھ کر اخبار درنجف میں پیش کر کے یہ کہا ہے کہ دو یہ کمالات حضرات ائمہ کے لئے جو اول مخلوق نہیں ہیں کیونکر[لہ] حاصل ہو سکتے

لہ اس سے صاف ظاہر ہو رہا ہو کہ بہ غور ائمہ کو کسی طرح کمالاتِ ختم نبوت کے ساتھ متصف نہیں جانتا ہو لہذا مجتہد اعلم حجۃ الاسلام صاحب شفاء الصدور کے قول ذیل کی بنا پر بہ غور شبہ نہیں ہو دو انتقال جمیع کمالات مورث است بسوے وارث الخ پس لامحالہ کمالات نبوت بر درجہ اتم در وجود ایشان

ہیں (اخبار درنجف سیالکوٹ مورخہ ۲۴ - اکتوبر ۱۹۲۶ء) ،، ہبغور کے اس کلام مذکور کے بعد سمجھدار ناظر کے سامنے حسب ذیل بطریق احتمال شان قطعیت توڑنے کیلئے اسوقت کچھ پیش کیا جاتا ہے کہ اولاً احتمال ہے کہ ہبغور قول ذیل کا بالکل جاہل نہ ہوگا ‘‘ ان النور والوجود متحد ان علی ما تقرر فی الحکمۃ المتعالیۃ’’ اور اگر بالکل جاہل تھا تو اب قول مذکور کے ظاہر ہونے کے بعد بطور قطعیت ثابت کرے کہ حدیث جابر مذکور ہیں نور علی (وجود علی) سے کونسا وجود مراد ہے اُن وجودات میں سے جنکا ذکر ضمناً رسالہ عقائد الشیعہ کے قول ذیل میں آیا ہے ‘‘ داجب نیست دانستن اینکہ آیا بجسم عنصری ظاہری یا بجسد نوری یا بروح مقدس یا بنور منور یا بقالب مثالی یا بشبحی یا اظلہ حاضر میشوند یا بغیر از اینہا بلکہ باید اعتقاد نمود حاضر شدن ایشان اجمالاً در نزد محتضر و قول باینکہ نقش می بند دصورت ایشان در قوت خیالیۂ محتضر غلطست ‘‘ ،، ثانیاً حدیث جابر ہیں جلال قدرت اور جلال عظمت سے مراد کون کون سی مخلوق ہو۔ نور نبیؐ کی اصل ہے یا فرع مقدم ہے یا موخر اگر دو ہیں تو بالفاظ حدیث ‘‘ فکان نوری یطوف حول جلال العظمۃ ونور علی یطوف حول جلال القدرۃ ’’ دونوں کے دو طوافوں کے لئے دو این و مکان ہونے پر حدیث ‘‘ اینَ کان النبیؐ کان الوّلی ’’ کے امثال کی تصدیق ہبغور کے لئے کیونکر متصور ہے نفس رحمانی کی عداوت میں موہنہ

ساری دمتجلی است الخ اگرچہ بر وجہ ظلیت و اصالت است و لے در اصل انصاف آنہا بان کمالات بموجب اخبار الخ در اذہان شیعہ جائے تردید و ارتیاب نیست ،، بیشک حضرت حجتؑ نور آل محمد کے لئے لوح جناب سیدہ میں رحمتہ للعلمین کہا جانا جس شخص کے نزدیک صحیح نہ ہو وہ کیونکر شیعہ ہو سکتا ہے ۱۲

ٮ۵ اگرچہ اصطلاحی فرق بھی قابل انکار نہیں ہے ۱۲

کھول کر بیان کرے انشاءاللہ تعالیٰ خدائی مار تیار پائیگا جسکے بعد کبھی سر اچھا نہو گا
ثالثاً آیہ کانتا رتقا ففتقناھما ۱۷-۱-۳ سے ثابت ہے کہ فتق سے پہلے
رتقی حالت منصور ہے اور لفظ کانتا ثابت کر رہا ہے کہ رتقی حالت کینونت و وجود کی
حالت ہے نہ عدمی چیز پھر کیونکر بیغور نے نور علیؑ کے فتق سے پہلے رتقی وقت
میں حضرت علیؑ کے وجود کا انکار کر دیا کیا رتق میں کمالات اولیہ کا ہونا جو کہ فرائض
ماہیت ہیں اور فتق میں کمالات ثانیہ کا ہونا جو کہ نوافل حقیقت ہیں اس بات
کے ثابت کرنے کیلئے کافی نہیں کہ دونوں حالتوں میں صاحب کمال (یعنی موصوف)
کا وجود واقعی ہے رابعاً اسی ہزار برس کے تقدم تقدیری کو دنیوی تقدم کے لئے
محاذاتی تصویر الٰہی سمجھنا اور رسولخداؐ کے اُس رتبۂ شخصیہ اقدمیت کا کاشف
خیال کرنا جسکے اعتبار سے آنحضرتؐ ختمی مرتبت بہر حال قرار پائے ہیں اوسی طرح
صحیح کہا جا سکتا ہے جسطرح حدیث مذکور جابر سے حضرت علیؑ کی معیت واقعیہ
اور صادریت اولیہ کا انکار پیدا کرنا غلط ہے۔

بیغور نے شگلکشا کی اولیت کا صریحی انکار اخبار درنجف اور شمس الاعتقاد
میں شایع کر کے بمقابلہ قول جناب امیرؑ "و انا امر اللہ والروح"[۵۱] کما قال

---

[۵۱] واقعات عالم کی حکایت پر نوری عالم اور اُس کی احادیث کا شمول بیغور کے نزدیک
کیون ناممکن ہوا جبکہ عالم انوار کی فی الجملہ مشابہت پر عالم رویا میں واقعات قیامت کی
حکایت شاہد ہے دیکھو ۱۴۶ صفحہ منابر الاسلام ۱۲

[۵۲] اسی روح کا ذکر اور بیان اعتقادیۂ صدوقؒ میں حسب ذیل ہے "و اما قولہ تعالیٰ
ولیسئلونک عن الروح الآیہ فانہ خلق اعظم من جبرئیل و میکائیل
کان مع رسول اللہؐ و مع الملائکۃ و مع الائمۃؑ و ھو من الملکوت" افسوس

سبحانه ویسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربی الی آخر الخطبہ ،، ایسی نفاقی شان ظاہر کی ہے کہ جس سے ہر قلب ممتحن کے لئے یہ خیال پیدا ہوگیا ہے کہ کہیں نہ کہیں اصالتی فرق ہے شیخی نسب میں کوئی تعجب نہیں ہوسکتا ہے۔ ایمانِ مستودع اکثر انھیں اُمتی افراد میں ملیگا جنکے لئے تبلیغی طوقِ شمسی ہدایت پر سببِ زینت ہو رہا ہے جس سے آخر زمانہ کی خبر اپنی پوری مطابقت ظاہر کر رہی ہے اور آیۂ لایخافون لومۃ لائم کی بشارت کے ہوتے ہوئے ہرگز افسوس نہیں ہوسکتا ہے اوس تکفیر لاثانی پر جو ثانی کی اُس تکفیر سے مشابہ ہے جو ایک اعرابی کے حسب ذیل کہنے پر کی گئی تھی وو میں حق سے کراہت کرتا ہوں اور فتنہ کو دوست رکھتا ہوں الخ انا دبکم الخ ،، اور مشکلکشا نے ثانی کو تعلیمی آلو حسب ذیل بنایا تھا کہ تو اوسکے کلام کو نہیں سمجھا ہی حق سے اُس کی مُراد موت ہی اور فتنہ سے مراد مال و اولاد ہے

بیغور نے ملکوت اور ملک یعنی عرفی فرشتہ کے درمیان فرق کی تمیز نہ رکھنے پر روح مذکور کو ترجمۂ اعتقادیہ کے حاشیہ میں عرفی فرشتہ بتایا ہے حالانکہ اتحادی یا حلولی معیت کے بغیر انا امر اللہ والروح کی تصدیق ایمانی بیغور کیلئے ثابت نہیں ہوسکتی ہے کاش منابر الاسلام کے قول ذیل ہی سے اپنی جہالت کو دور کرلیتا وو لیس من جنس الملائک بل خلق اعظم من الملائک وبہ وردت اخبار کثیرہ واستدل لعلما علیہم السلام بآیۃ سورۃ القدر وبقولہ تعالی یوم تقوم الروح والملائکۃ الخ ،، جسکی تائید ذیل وو نحن واللہ الماذون لھم یوم القیامۃ والقائلون صوابا ،، سے ظاہر ہی کہ آیۂ مذکورہ میں محمد و آل محمد کی روح اعظم کا قیام بشان تدبیر بیان کیا گیا ہے باین معنے کہ اونکے تمام افعال روح اعظم کے اثر سے صادر ہوتے ہیں اور محتمل ہی کہ اسی روح امری کا ظل وہ روح کہی جاتی ہے جو ملائکہ حجب پر موکل بیان کی گئی ہی ۱۲

اور اناللہ تکم میں کم ضمیر نہیں ہے بلکہ اکمام کا واحد ہے الخ الغرض حدیث العبودیۃ جوھرۃ کنھھا الربوبیۃ کے یاد کرنے کے بعد علامہ وحید کے قول ذیل سے فائدہ حاصل کرو "ولکن العبد الحقیقی الانبیّاءؑ و اوصیائہ الطاھرون قلنا انھم عالمون الخ وعلمھم بھا (بالاشیاء) بطور الاحاطۃ الخ" اسی علم شہودی اصیل کمالات ختم نبوت کی مساوات کا ذکر خیر الاعتقاد کے بارہ صفحہ پر ہے اور کمال روح الاتحاد سے مراد اصالۃً یہی ہے ۔ آخر میں خیر الاعتقاد کے مضمون کے متعلق عراقی اعلم مجتہد حجۃ الاسلام کا جواب مع سوال لکھا جاتا ہے مع بعض تقاریظ اُردو تاکہ ناظرین کو اہل فتوی میں داخل ہونے والے بعض ناقصین کا ظلم بھی ظاہر ہو جائے ۔ ۔

(سوال) یک عالم دین حق در توجیہ قول ذیل قاضی نور اللہؒ صاحب احقاق الحق در بحث آیہ مباہلہ "و غایۃ ما یلزم من ذلک المساواۃ فی الدرجۃ لا فی النبوۃ" میگوید کہ مُراد قاضی نور اللہؒ از درجہ آن درجہ الیست کہ آنرا امام جعفر صادقؑ در حدیث ذیل بحار الانوار "وادنی معرفۃ الامامؑ انہ عدل النبیؐ الا درجۃ النبوۃ" درجۃ النبوۃ گفتہ است وآن درجہ نبوت آن روحیست کہ آنرا در حدیث ذیل "فاذا قبض النبیؐ انتقل روح القدس الی الامامؑ" روح القدس گفتہ شد حاصل کلام این عالم آنست کہ اعلی معرفت امامؑ (بمقابلہ ادنی معرفت امامؑ کہ در حدیث مذکور شدہ) اینست کہ امامؑ را در وقت امامت بر درجہ ختم نبوت (یعنے بر روح القدس کہ مذکور شدہ است در حدیث فاذا قبض النبیؐ انتقل روح القدس الی الامام) فائز داند نہ بر نبوت زیرا کہ صدقِ نبوت در تعلقِ اوّلی روح مذکور منحصر است نہ در انتقالاتِ مابعد کہ در آنہا صورتِ وراثت صادق است نہ اصالت (بلا واسطہ بشر) غرض صحتِ قول قاضی نور اللہؒ

وصحتِ توجیہ عالم موصوف وصحت اعتقادِ مسطور عالم مذکور الصدر در مذہب امامیہ حقہ نزد سرکار ممکن است یا نہ وعالم مذکور نزد سرکار فاسد العقیدہ است یا نہ وعالم موصوف بجہت اعتقاد مذکور نزد سرکار از مذہب امامیہ حقہ خارج است یا نہ بینوا توجروا ۔

(الجواب) بسم اللہ خیر الاسماء جواب عالم مذکور از فرقہ محقہ خارج نیست اصلا درین جہات کہ جز اخبار آحاد در دست نیست نباید صحبت نمود اعتقاد اجمالی بحقیت جمیع ما جاء بہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ کافی و دراین جہات صحبت نمودن مورد خطر است ۔ حررہ الفانی عبد اللہ المامقانی عفی عنہ (مہر)

اس رسالہ کے مضمون کا خلاصہ یہ ہے کہ جسطرح بیٹے اور شاگرد پر باپ اور اُستاد کی افضلیت کی ضرورت وبداہت اسبات کے لئے مانع ومنافی نہیں ہے کہ علمی وعملی تمام کمالات نفسانیہ میں اُن کے درمیان مساوات قرار پا سکے اسیطرح وصیؑ وامامؑ پر رسولخداؐ کی افضلیت کی ضرورت وبداہت اسبات کے لئے مانع ومنافی نہیں ہے کہ علمی وعملی تمام کمالات نفسانیہ میں خاتم الانبیاءؐ اور امام کے درمیان مساوات ثابت کہی جائے جبکہ چہاردہ معصومین علیہم السلام کے درمیان روح اعظم (مقام ولایت مطلقہ جنبۂ تجردی نفس رحمانی) کا اتحاد طینت ونور کی طبیعت نوعیہ کی مساوات کا کاشف کسی طرح قابل انکار نہیں ہے اس خلاصہ کا منکر حقائق احادیث کا جاہل ہے خداوند عالم توفیق کو خیر رفیق قرار دے آمین بحق محمدؐ وآلہ الطاہرین ۔

(حررہ السید صغیر حسن بقلمہ)

تقاریظ علماء ہند صاحبان احقاق الحق

تقریظ جناب علامۃ العلماء الکاملین خیر الحفظۃ باالمہرۃ المحدثین تاج العارفین قدوۃ السالکین زین المتکلمین فخر المتاہلین راس المحققین ناصر الملۃ والدین ابو الفضل شمس العلماء مولانا السید ناصر حسین صاحب قبلہ دام ظلہم العالی

باسمہ سبحانہٗ

جناب زبدۃ الابرار الکرام صفوۃ الاخیار الاعلام دام افضالکم مدی اللیالی والایام بعد سلام باکرام واضح ہو کہ رسالہ شریفہ وعجالہ منیفہ خیر الاعتقاد جسکو براہ کرم آپ نے میرے لئے ارسال فرمایا تھا۔ احسن اوقات میں مجھے ملا اور میں نے اس کو بشوق تمام دیکھا اور بہت محظوظ ہوا۔ حق یہ ہے کہ آپ نے نصرت حق و ارشاد اور تائید اعتقاد باسداد میں اپنی سعی جمیل کو انتہا تک پہنچا کر تمامی اہل حق کو مسرور و مجبور فرمایا ہے۔ خداوند عالم آپ کو اس عمل خیر کی بہترین جزا دارین میں عطا فرمائے اور مومنین مستبصرین کو توفیق عنایت کرے کہ وہ اس تالیف شریف سے مستفید و مستفیض ہو کر تکمیل عرفان کریں اور معصومین سلام اللہ علیہم اجمعین سے آپکو اس حمایت حقہ کا صلہ کاملہ علی الوجہ الاتم ملیگا اور میدان ہدایت و ارشاد میں آپ ہمیشہ مظفر و منصور رہیں گے واللہ ولی الفضل والانعام والسلام خیر ختام۔

(مہر شریف) ناصر حسین عفی عنہ بقلمہ ۲۷ محرم ۱۳۴۷ھ

تقریظ جناب فخر المدققین سلطان المحققین راس المدرسین برہان العارفین عالم علوم ربانی کاشف اسرار فرقانی فقیہ الحکماء حکیم الفقہا شمس العلماء مولانا السید سبط حسن صاحب قبلہ دام ظلہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی اختار من خلقہ من کان اھلہ وجعلہ ھادیا لمن استھدٰہ فاذاح لعلمہ جھلہ واختار من بینھم سید العرب والعجم خاتم النبیین وسید المرسلین وآلہ واھلہ صلی اللہ علیہ وعلیھم ما ارسی جبلہ وسھل سھلہ :-

اما بعد میں نے رسالہ منیفہ وصحیفہ شریفہ خیر الاعتقاد فی تنویر المساوات جسکو حامی دین مبین ناشر الوتیہ مودۃ آل طہ ویٰسین ظہیر الایمان وظہیر الایمان و ظہیر المومنین ذو الفضل الجلی المولوی غلام علی صاحب دامت معالیہ السامیہ نے شائع فرمایا ہے دیکھا اور اُس کے مضامین سے مستفید ہوا مودت اہلبیت اور اعتقاد فضل امیر المومنین علیہ السلام کی شمیم اُس کے پرنور عبارتوں سے آرہی ہے جو مشام ایمانی کو کسی طرح ناگوار نہیں بلکہ ترویح روح اور تقویت بصارت کے لئے ایک پربہار گلدستہ ہے جس مسئلہ پر یہ رسالہ لکھا گیا ہے وہ درحقیقت ایک صراط ہے جس پر سلوک اصحاب بینش و دانش کے سوا مشکل ہے میری نظر یقیناً قاصر ہے - ارباب فضائل کے اصناف اور طبقات میں باعتبار توازن فیصلہ کرنا مشکل ہے بلکہ ناممکن چہ جائیکہ ارباب عصمت میں اگر یہ بحث پڑے تو غیر معصوم پاس کوئی ایسی میزان کہاں سے آئی جو باہمی عصمتوں اور

فضیلتوں کے تفاضل کو واضح کرسکے اس سے زیادہ یہ اور صعوبت کا وقت ہے جب یہ بحث خاتم النبیین اور سید الوصیین میں ہو۔ لیکن اگر اسی نور سے کوئی روشنی آسے اور کچھ بتا دے تو ہم کچھ کہہ سکتے ہیں اس لئے شاید یہ کہنا میرا میرے اعتقاد کے موافق ہوگا کہ جس قدر قرآن و حدیث سے فرق معلوم ہو سکا ہے اس کے علاوہ ان دونوں سردار خلق و مولائے امت میں فرق نکالنے کی کوشش عجب نہیں کہ تفریط میں داخل ہو جیسا کہ مقام استثنا میں بھی مساوات کا دعوی قطعاً مسلک افراط ہے۔ یہ رسالہ مبارکہ جس کے نام کو میں پہلے ظاہر کر چکا ہوں وہ بھی میرے خیال میں اسی منہج وسط کا سالک ہے وہ مستثنیٰ کو داخل نہیں کرنا چاہتا اور غیر مستثنیٰ کو خارج نہیں کرتا لہذا وہ نہایت متین اور سنجیدہ تحریر ہے اور جن عبارتوں میں کسی قدر ابہام نظر آتا ہے اس کا محصل بھی غالباً وہی ہے جو کسی طرح انشاءاللہ قابل شبہ نہیں۔ فجزاہ اللہ عن النبیؐ واھلہ المعصومین خیر الجزاء تمقہ بید ہ الوازرۃ سبط حسن النقوی اعطی بیمینہ صحیفۃ عملہ فی الاخرۃ۔

تقریظ جناب زبدۃ العارفین ناشر الملۃ والدین راس المناظرین منار المہتدین رئیس المفسرین مرجع الانام مفید العوام مولانا السید علی صاحب قبلہ حائری دام ظلہم العالی

باسمہ سبحانہ اسوۃ الاماجد الکرام وصفوۃ الاطائب الاعلام جناب مولوی حاجی غلام علی صاحب زید فضلہ۔ بعد از تحیہ بہیہ زاکیہ گذارش آنکہ

گرامی نامہ مع رسالہ مبارکہ اسم با مسمیٰ خیر الاعتقاد موصول ہوکر کاشف کوائف ہوا
آپکی تمام مساعی جمیلہ کو جو ترویج شریعت غرا اور تحفظ ملت بیضا میں آپ کرتے ہیں
ہمیشہ نظر استحسان سے ہیں دیکھتا رہا ہوں فی الحال یہ رسالہ خیر الاعتقاد جو مسئلہ
مساوات بین النبی والائمۃ الامجاد میں آپ نے تصنیف فرمایا ہے میں نے بغور اُس کو
ملاحظہ کیا ہے جس کے دلائل قاطعہ و براہین ساطعہ نصرت حق و ارشاد میں قابل
اطمینان و اعتماد ہیں اور ماشاء اللہ رسالہ مبارکہ کی ترتیب و تہذیب تقریر و تحریر بھی
نہایت متین و دلکش ہے جا بجا خوبصورت انداز میں دلچسپ تحقیقی جملہ بھی حسن افزا ہیں
دعا ہے کہ اسی طرح ہمیشہ تحفظ ناموس شرع میں من اللہ مؤید و منصور رہیں فجزاکم اللہ
عن حمایۃ الحق خیر الجزاء و حفظکم عن شرور الاعداء و بہ المستعان
و علیہ التکلان وھو یتولی الصالحین نمقہ عبد الاثیم خادم شرع
رسول الکریم علی الحائری بقلمہ لاہور ۸ صفر المظفر ۱۳۴۷ھ "

تقریظ جناب عمدۃ العلماء الاعلام زبدۃ الفقہاء العظام نخبۃ العارفین
دلیل المہتدین ظہیر الملۃ والدین مولانا السید شبیر حسن صاحب قبلہ دام ظلہم العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد و آلہ
الطاہرین اما بعد رسالہ شریفہ و عجالہ منیفہ خیر الاعتقاد کو جو مطالب حقہ
عالیہ اور مقاصد صحیحہ سامیہ پر مشتمل ہے نحیف نے دیکھا اور مسرور و محظوظ و مستفیض ہوا
اس کے مصنف جلیل وفقہ اللہ لمراضیہ نے نصرت دین و حمایت صدق و یقین میں

ین سعی وافر مبذول فرمائی ہی جو موجب رضائے حضرت باری عزاسمہ اور سبب خوشنودی حضرات معصومین صلوات اللہ علیہم اجمعین ہی خداوند عالم مومنین موقنین کو توفیق عطا فرمائے کہ ان مطالب شریفہ سے مستفید و مستفیض ہوں والحمد للہ کثیراً والصلوات والسلام علےٰ رسولہ وآلہٖ اولاً و آخراً۔

حررہ العبد المذنب السید شبیر حسن عفی عنہ فیض آباد ۱۲ ج ا ۱۳۴۷ھ

تقریظ جناب سلطان المناظرین فخر المحققین عز العارفین رئیس الذاکرین حادی معقول و منقول جامع فروع و اصول مولانا السید ظفر مہدی ابو البراعۃ صاحب قبلہ دام مجدہم العالی

خیر الاعتقاد فی تنزیہ المسادات یہ رسالہ جناب مولانا مولوی حاجی غلام علیصاحب مدیر راہ نجات کی تصنیف ہے اور اس رسالہ کے جواب مین لکھا گیا ہے جس کو مولوی حاجی محمد اعجاز حسین صاحب بدایونی دام مجدہ نے تحریر فرمایا ہے اور جسکا نام ”نجم الاعتقاد“ رکھا ہے۔ گو مصنف نجم الاعتقاد نے اپنا نصب العین یہ قرار دیا ہی کہ وہ غالیون کی عقائد باطلہ کا استیصال کرے اور شیعیت اور غلو مین فرق دکھائے مگر مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اعجاز الملۃ کی تحریر اپنی و مطالب دلی کو بعنوان احسن ادا نہیں کر سکی، جو کچھ غالیون کے عقائد تھے یا ہیں بحمد اللہ ان کا اثر فرقہ حقہ امامیہ مین بالکل نظر نہیں آتا اور نہ کسی فرد شیعہ کے وہ عقائد مین جس کو مصنف نجم الاعتقاد نے لکھا البتہ ان میں سے بعض عقائد واہیہ غالیون کے تھے جس کو ہماری ہر فرد بُرا

سمجھتی ہے بلکہ بنص ائمہؑ ایسے لوگوں کو ملعون جانتی اور خیال کرتی ہے۔

مگر اس کے ساتھ ہی ساتھ ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ اتحاد نور اور اطلاق نفس بقول باری عز اسمہ سوا صفت نبوت کے کسی اور صفت کو استثنا نہیں کرتا۔ اسی مطلب کی توضیح مولوی غلام علی صاحب دام مجدہ مدیر "راہ نجات" نے کی ہے اور ہماری ہر فرد یہی عقیدہ رکھتی ہے۔ درحقیقت شیعوں میں کوئی ایسا گروہ یا کوئی ایسی فرد نہیں جو علیؑ ابن ابیطالب علیہ السلام کو رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ سے افضل کہتی ہو خود جناب رسالتمآب کا جو عقیدہ تھا اسی عقیدہ پر ہر فرد اہل تشیع ایمان لائے ہوئے ہے، رسالتمآب نے محض نبوت کا استثنا فرمایا ہے اور یہ استثنا خود مساوات صفات پر ایک تیز روشنی ڈالتا ہے۔ ایک مقام تو وہ ہے جب جنگ تبوک میں جاتے ہوئے فرمایا تھا انت منی بمنزلۃ ھارون من موسی الا انہ لا نبی بعدی اور ایک وہ محل ہے جسکا تذکرہ خود امیر المومنین علیہ السلام نے نہج البلاغہ میں فرمایا ہے، آپ فرماتے ہیں ادی نور الوحی و الرسالۃ واشم ریح النبوۃ ولقد سمعت رنۃ الشیطان حین نزل الوحی علیہ صلے اللہ علیہ وآلہ فقلت یارسول اللہ ما ھذہ الرنۃ فقال ھذا الشیطان ایس من عبادتہ یا علی انک تسمع ما اسمع وتری ما اری الا انک لست بنبی ولکنک وزیر۔ میں نور وحی کو دیکھتا تھا اسیطرح جس طرح نور رسالت کو اور نبوت کی خوشبو سونگھتا تھا اور میں نے شیطان کی چیخ کی آواز اسوقت سنی جب رسولؐ پر نزول وحی ہوا تو میں نے پوچھا کہ یارسول اللہ یہ چیخ کیسی، آپ نے فرمایا یہ شیطان کی آواز ہے جو عبادت خدا سے مایوس ہو گیا، اے علی جو تم سنتے ہو وہ میں سنتا ہوں اور جو تم دیکھتے ہو وہ میں دیکھتا ہوں مگر یہ کہ تم نبی نہیں ہو البتہ وزیر ہو۔

یہ فرق، دُرِ روشن کی طرح بتاتا ہے کہ جو فرق رسولؐ نے اپنے اور علیؑ کے بارے میں ظاہر کیا بس وہی فرق تھا اور ہے، نہ کسی اور فرق کی گنجائش تھی اور نہ اتحاد نور و اطلاق

نفس کسی اور فرق کو جگہ دیتا ہے۔

بہر حال اسی مطالب پر رسالہ خیر الاعتقاد نے روشنی ڈالی ہے، لکھائی چھپائی بے مثل ہے حجم باون (۵۲) صفحات کا ہے علمائے اعلام کثر اللہ امثالہم کی مہر و دستخط سے مزیّن ہے امید ہے کہ مومنین اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

قابل دید کتابیں

وسائل الشریعہ - اردو صفحہ ۵۸۵ مجلد تین روپیہ

اربعین فی فضائل امیر المومنین - صفحہ ۴۷۸ مجلد دو روپیہ آٹھ آنہ

دلیل الفرقان رد قادیانی صفحہ ۲۰۰ مجلد ایک روپیہ

جناب امیر کے عجائب فضائل مجلد

تبصرۃ الایمان - حضرت صاحب الزمان کی سوانح عمری اور اکثر دنکو قدمبوسی حاصل ہوئی ہو وغیرہ صفحہ ۲۸۴ مجلد دو روپیہ آٹھ آنہ

جام شہادت حصہ اول - یعنی مجموعہ نوحہ جات عالیجناب میر کاظم علی صاحب جناب شوکت بلگرامی جیسے انیس و دبیر مرثیہ گوئی میں یکتائے روزگار تھے اسی طرح جناب شوکت نوحہ گوئی میں شہرہ آفاق ہیں یہ نوحہ جات اس قدر مقبول ہوئے ہیں کہ بار سوم چھپانے کی ضرورت لاحق ہوئی اس مجموعہ میں نوحے ہیں اور ۲۹۰ صفحہ حجم ہے قیمت مجلد ایک روپیہ آٹھ آنہ۔

انتخاب المصائب - بیس مجلسین مجلد

کتاب علی مرتضیٰ - اردو جس میں کئی ہزار پر اثر نصائح و حقائق معارف و لطائف نکات وغیرہ ہیں صفحہ ۵۰۴ مجلد تین روپیہ

سوانح عمری علامہ کنتوری صفحہ ۳۵۲ مجلد ایک روپیہ آٹھ آنہ۔

قلزم ماتم - نظم و نثر میں تیس (۳۰) مجلسیں مجلد ایک روپیہ آٹھ آنہ

الزہراء - بہت بڑی تقطیع مجلد دو روپیہ بارہ آنہ

پتہ - حاجی غلام علی مدیر راہ نجات بہاؤنگر (کاٹھیاوار)

جام شہادت ہر سہ حصہ - جس میں ہر نوحہ کا طرز بالکل جداگانہ ہے جس کا ایک ایک شعر تیر دنشتر ہے اس مجموعہ میں ۴۸۲ دلخراش نوحے اور حجم ۸۶۰ صفحہ ہے قیمت مجلد تینوں حصوں کی چار روپیہ للعہ ؍

سوانح عمری جناب امیر علیہ السلام
یہ کتاب اہلسنت کی بہت سی معتبر کتابوں سے جمع کر کے جناب مولوی عبید اللہ صاحب بسمل امرتسری سابق رجسٹرار کتب خانہ سرکار رامپور دامت اقبالہ کی تالیف کی ہوئی ہے۔ اس میں وہ فضائل لکھے ہیں کہ محبان جناب حیدر کرار کے دل باغ باغ ہوتے ہیں، صفحہ ۶۹۶ قیمت مجلد پانچروپیہ صہ ؍

نور العیون ترجمہ ضیاء العیون - یہ ایک مشہور متبرک کتاب ہے جس کو گھر میں رکھنے اور اس کے نقوش کو دیکھنے سے نہ صرف ثواب بیکران حاصل ہوتا ہے بلکہ اس کا عامل وزائر مستحق بہشت ہوجاتا ہے اس قدر مقبول ہو کر نایاب و کمیاب ہو گئی کہ اب اسکا میسر آنا محال ہو گیا تھا مومنین کو چونکہ اس کتاب کی ہمیشہ ضرورت رہتی ہے اور گروہ کثیر ایک عرصہ سے اس کا خواہاں ہے اس لئے بعض ضروری ترمیم و اضافہ کے بعد پھر چھپکر شائع ہوئی۔ مہر نبوۃ کے متعلق کتب احادیث و سیر میں جسقدر روایات مذکور ہیں وہ سب اس میں جمع کیگئی ہیں آخر میں نماز پنجگانہ کے تعقیبات زیارت ائمہ ہدیٰ اور رویت قمر اور نماز اول ماہانہ وغیرہ وغیرہ کے ادعیہ جمع ہیں۔ کتاب نہایت نفیس اور رنگین کاغذ پر بہت خوشخط چھاپی گئی ہے حجم ۴۸ صفحہ ہے باوجود اس کے قیمت بہت کم یعنی مجلد ۵ ؍

عجیب و غریب تعویذ قیمت پانچروپیہ
یہ وہ تعویذ ہے کہ جسمیں چہاردہ معصومین علیہم السلام کے چودہ تعویذ ہیں اور پوست آہو پر ذرہ سی مشک سیاہی میں ملا کر پرہیزگار کے دست مبارک سے لکھوایا جاتا ہے اور دو چار لکیرین یا

حروف نہیں ہیں بلکہ دو سو سے زیادہ سطریں ہیں۔ خوشنما حروف سے لکھوائی ہیں جس سے عرض دو انچ اور طول بتیس ۳۲ انچ ہے اور اُن کو پڑھ سکتے ہیں اور خشک قلم سے دو اسم لکھے جاتے ہیں اُن سے تاثیر بہت جلد ہوتی ہے علاوہ باطنی حُسن کے ظاہری حُسن بھی ہے یعنے بلو اور سُنہری گُل بوٹے لکیریں بھی ہیں اس میں کوئی دو چار فائدے نہیں ہیں بلکہ آفات ارض اور سماوی سے دشمنوں کے شر سے۔ بیماری سے بچنے اور حفاظت میں رہنے قرض ادا ہونے رزق میں برکت ہونے اور تمام حاجتیں کہ اطفال کو ام الصبیان سے بچنے اور عزّت و دولت حاصل ہونے حمل کو حفاظت میں رکھنے وغیرہ وغیرہ کے واسطے اکسیر ہے۔ اس کی سند کیواسطے یہ کافی ہے کہ حضرت امام محمد تقیؑ نے فرمایا ہے کہ جسکے پاس حرز جواد ہو اُسپر تمام اہل دنیا حملہ آور ہوں تو بھی کچھ ضرب نہ پہونچا سکینگے جب ایک حرز میں یہ اثر ہے تو چودہ حرزوں میں کتنا اثر ہوگا قیمت پانچروپیہ ۵؍ مع محصول ڈاک ہے۔

نجات الدارین فی حقوق الوالدین

اس میں قرآن شریف سے حقوق والدین کی آیتیں اور اُن کی فرمانبرداری کرنیکے ثواب کی اور نافرمانی کرنیکے عذاب کی احادیث اور اسی کے متعلق عمدہ اور چیدہ راست حکایتیں کہ والدین کی تابعداری سے دین اور دنیا کے یہ فائدے ہوئے اُن کی نافرمانی سے یہ دین اور دنیا کا نقصان ہوا وغیرہ وغیرہ اور والدین کئی قسم کے ہیں اور حقیقی والدین کون ہیں اور اولاد کے حقوق والدین کے اوپر۔ مطلب یہ کہ اس زمانہ میں ایسی کتابوں کی بہت ضرورت ہے کہ اولاد والدین کی فرمانبرداری کریں۔ یہ کتاب قبل بائیس برس کے چھپی تھی چند علماء نے بہت پسند کر کے تقریظیں تحریر فرمائی تھیں خصوصاً مولانا مولوی سید آفتاب حسین صاحب قبلہ مرحوم دہلی کے پیشنماز نے یہ

بھی تحریر فرمایا کہ یہ کتاب لکھ کے مومنین کے اطفال پر احسان کیا ہے۔

اب پھر دوبارہ چھپ رہی ہے حجم ایک سو صفحہ قیمت آٹھ آنہ ۸؍

نور المسادات مفت۔ خیر الاعتقاد بھی مفت ہر ایک کے واسطے ایک آنہ کا ٹکٹ آنا چاہیئے۔

ملنے کا پتہ

حاجی غلام علی مدیر راہ نجات بھاؤنگر (کاٹھیاوار)

الشہید قیمت سالانہ ہے؍

ایک اخلاقی۔ ادبی۔ علمی۔ رسالہ جو بیادگار جناب قاضی سید نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ بہ سرپرستی جناب ناصر الملۃ والدین شمس العلما مولانا السید ناصر حسین صاحب قبلہ مدظلہم العالی مزار شہید ثالث آگرہ سے ماہوار شائع ہوتا تھا اور اب ایک سال سے مالی مشکلات کی وجہ سے بند ہو گیا ہے اکثر حضرات کی رائے ہے کہ پھر جاری ہو جائے۔ جناب مدیر صاحب فرماتے ہیں کہ اگر سو خریداران اپنی خریداری کی درخواست دفتر میں روانہ فرما دیں تو جلد رسالہ جاری کر دیا جائے۔ مومنین کو اسکی خریداری سے مذہبی اور دینی اُمور میں بہت واقفیت ہوگی۔ ضروری مسائل شرعیہ اور نبوت و امامت پر دلچسپ مضامین ائمہ معصومین علیہم السلام کے علوم و اصحاب ائمہ کے مناظرے اور دینی مجاہدات کا شائع کرنا۔ اس رسالہ کے اہم فرائض میں داخل ہے۔ اسکے علاوہ ہندوستان کے بہترین مضمون نگاروں کے دیگر دلچسپ علمی مضامین شائع ہوتے ہیں۔ سب سے بڑا اہم اور ضروری کام اس رسالہ کا یہ ہے کہ جناب شہید ثالث علیہ الرحمہ کی وہ جلیل القدر کتاب جسکے تصنیف کرنے کی وجہ سے آپ عالم غربت میں شہید کر ڈالے گئے۔ یعنی کتاب احقاق الحق کا اُردو ترجمہ شائع ہوتا ہے یہ ایک نادر چیز ہے۔ مختلف مذاق کے مضامین کا مجموعہ ایک ہی رسالہ میں مشکل سے ملیگا خود خریدار بنیئے دیگر مومنین کو خریداری پر آمادہ کیجئے کہ یہ ایک مذہبی امانت ہے ۲؍ کے ٹکٹ بھیجکر نمونہ طلب فرمایئے۔

ملنے کا پتہ۔ مینیجر رسالۂ الشہید مزار شہید ثالث آگرہ (یوپی) جو صاحب پانچ خریدار بنا کر اُن کے پتہ سے ہم دفتر کو مطلع کرینگے اُنکے نام ایک سال کیلئے رسالہ مفت جاری کیا جائیگا۔

بحور الغمّہ جلد ثالث

یہ کتاب مشہور ہے بہت برس سے نایاب تھی اس حقیر نے حق رجسٹری ادا کر کے مطبع نولکشور لکھنؤ میں خوشنما بڑے حروف ہیں کاغذ چکنا موٹا عمدہ سفید پر طبع کرائی ہے اس میں ایکسو سولہ ۱۱۶ مجلسین ہیں ہر مجلس قرآن شریف کی آیت سے شروع ہے اسکی تفسیر تاویل اور احکام وغیرہ بیان کر کے نصائح فضائل معجزات عمدہ وحکایات اور مصائب لکھے ہیں پہلی چودہ مجلس میں چہاردہ معصوم علیہم السلام کی ولادت فضیلت معجزہ اور شہادت وغیرہ کا احوال ہے اور تمام مجلسوں میں شہدائے کربلا کا احوال اوّل سے آخر تک ہے یعنی مدینہ سے روانہ ہونا مکہ معظمہ جانا وہاں سے کوفہ جانا راستہ کا احوال کربلا سے کوفہ اور کوفہ سے شام اور شام سے اہلبیت علیہم السلام کا مدینہ جانا سوگ اُتروانا علاوہ اس کے ثواب زیارت اور بہت نقلیں اور راست واقعات ہیں مطلب یہ کہ دریا کو کوزے میں بھر دیا ہے آٹھ سو صفحہ ہیں جلد عمدہ کپڑے کی پوری کھل سکے ویسی ہی محصول ڈاک علیحدہ قیمت چھ روپیہ۔ بغیر جلد ساڑھے پانچ روپیہ۔

خصائص الزینبیہ

اس وہ وہ مضامین عالیہ ہیں کہ آجتک ظاہر اور مشہور نہیں ہوئے ہیں۔ یہ کتاب فارسی میں نجف اشرف میں تین برس سے طبع ہوئی ہے مصنف اس کے جناب ثقۃ الاسلام علم الاعلام عماد العلماء المحققین سید نور الدین بن سید العلماء مولانا آقا سید محمد جعفر صاحب ہیں اس کتاب کے مضامین کی تعریف میں مصنف کے چند الفاظ جو اس کتاب کے صفحہ ۲۲ میں ہیں وہ کافی ہیں اور وہ یہ ہیں "چادر ایں مخدرہ قسم کہ اگر ملاحظہ عقول ناقصہ وافہام قاصرہ رانمودم چنان شرح مقامات وتوضیح کمالات اورانمی نمودم وغیر ایں منطق بسے

بگشاومی ور مدحش دادمی دلے چہ کنم کہ قلوب خالی از ذوق ونفوس ضعیف شدم بانگ کلامی شخصے را غالی میدانند- اس کتاب کے چند نسخہ نجف سے طلب کیا ہوں- قیمت ۱۲/ تذکرہ کربلا محمد باقر مجلسی آپ کے اکثر احوال وکرامات وغیرہ ۸/
نور المساوات مفت ٹکٹ بھیجکر خواہ بیرنگ طلب کیجئے
واقعہ کربلا پر محققین یورپ کی رائیں ص ۹۳ قیمت ۶/
دلیل العرفان قادیلوں کی رو مجلد قیمت ۸/
ذوالفقار مناظرہ میں نہایت عمدہ کتاب ہے مجلد ۱۲/
حق الیقین از مجلسی کا اردو ترجمہ ضخامت ۸۶۲ (یہ)
رعایتی دو روپیہ

ملنے کا پتہ

حاجی غلام علی مدیر راہ نجات
بھاؤنگر کاٹھیاواڑ

Kazim Darwan

اعلان

اِس حقیر نے اپنی قوم خوجہ جو آغاخان صاحب کو خدا اور امام وغیرہ کہتی ہے اُن کی ہدایت کے واسطے ۳۹ برس سے ماہواری رسالہ مسمّی بہ راہ نجات گجراتی زبان میں جاری کیا ہے۔ الحمدللہ اہل بیت صلوات اللہ علیہم کے صدقہ سے اُس سے بہت ہدایت ہوئی اور ہوتی ہے خدا بتصدق آئمہ معصومین قبول فرماوے۔

لہذا بعض ہندوستانی حضرات راہِ نجات کا نمونہ طلب فرماتے ہیں بعض ویلیو سے طلب کرتے ہیں مگر بسبب گُجراتی ہونے کے ہم نہیں بھیجتے ہیں۔ فقط

راقم خادم قوم عبدالضعیف الذلیل حاجی غلام علی ابن مرحوم حاجی اسمٰعیل عفی عنہما

کتابیں اور رسالہ ملنے کا پتہ

حاجی غلام علی ابن حاجی اسمٰعیل اڈیٹر راہِ نجات بھاونگر کاٹھیاواڑ گُجرات جن بزرگوں کو ضرورت ہو۔ ر کا ٹکٹ بھیجکر اپنا پتہ صاف حروف میں لکھکر طلب کرلیں۔